سوال نمبر 291

منجانب: جناب بہادر خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے:

	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ سال 2012 میں پی کے 16 بمقام خور قلعہ یونین کونسل منڈا میں باچا خان مڈل سکول تعمیر کیا گیا جس کو محکمہ نے سرکاری سکول میں تبدیل کیا ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے۔ سال 2012 میں پی کے 16 بمقام خور قلعہ یونین کونسل منڈا میں باچا خان ماڈل سکول تعمیر کیا گیا۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکول کو جب سے سرکاری تحویل میں لیا گیا ہے تاحال بند پڑا ہے اس کا تمام عملہ اور گاڑیاں غائب کر دی گئی ہیں اور سکول فنڈز میں خرد برد کیا گیا ہے آیا حکومت مذکورہ سکول کو سرکاری سطح پر فعال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔	مندرجہ بالا سکول مالی حالات کی ابتری کی وجہ سے بند پڑا ہے سکول کے تمام اثاثہ جات اور گاڑیاں وغیرہ سکول کے اندر موجود ہیں نیز سکول کو سرکاری سطح پر فعال کرنے کے لیے محکمہ ہذا کوشش کر رہا ہے۔